© rasailojaraid.com



# نعت

ہے نامِ محمدؐ سے عیاں شانِ محمدؐ
جو شانِ محمدؐ ہے وہ شایانِ محمدؐ

شاہانِ زمانہ کی حقیقت کو نہ پوچھو
شاہانِ زمانہ ہیں غلامانِ محمدؐ

ہوتا ہے رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ سے یہ ثابت
خود ربِّ محمدؐ ہے ثنا خوانِ محمدؐ

ہے حُبِّ محمدؐ ہی رہ حُبِّ الٰہی
محبوبِ الٰہی ہیں حبیبانِ محمدؐ

کر سکتے نہیں پھر وہ کسی اور کی تقلید
ہو جاتے ہیں جو حلقہ بگوشانِ محمدؐ

مشفق بھی ہے محسن بھی ہے صادق بھی امیں بھی
ہر بات محمدؐ کی ہے شایانِ محمدؐ

ہر صبح منوّر ہے تو ہر شام معطّر
اللہ رے یہ وُسعتِ دامانِ محمدؐ

سرتابئ فرمانِ محمدؐ سے خبردار
اللہ کا فرمان ہے فرمانِ محمدؐ

دولت ہو کہ اولاد ہو، دل ہو کہ جگر ہو
عاجزؔ کی ہر اک چیز ہے قربانِ محمدؐ

© rasailojaraid.com